جولائی 2022	M.Ed Regular (ریگولر) ایم۔ایڈ	IV Semester چوتھا سمسٹر

Paper - MMED451DST : Educational Policy, Economics of Education and Planning in Elementary Education

3 Hrs : وقت : Time گھنٹے — Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i- ادارہ جاتی منصوبہ بندی اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(a) علاقائی منصوبہ بندی (Area Planning) (b) مقامی منصوبہ بندی (Local Planning)

(c) گاؤں کی سطح پر منصوبہ بندی (Village Level Planning) (d) گراس روٹ منصوبہ بندی (Grassroot Planning)

ii- ایک موثر منصوبہ بندی بچاتی ہے۔

(a) وقت (b) رقم (c) محنت (d) یہ سبھی

iii- اچھے منصوبہ بندی ہونی چاہیے۔

(a) متعلقہ اور واضح (b) منظّم اور جامع (c) (a) اور (b) دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

iv- NCERT کا فل فارم ہے۔

(a) National Council of Educational Research and Training

(b) National Council in Education Research and Training

(c) National Council of Education Research in Training

(d) National Council of Education and Research in Training

v- منصوبہ بندی کا بنیادی مقصد ہے:

(a) سماجی اور اقتصادی ترقی (b) لوگوں کی فلاح و بہبود اور ترقی (c) مطلوبہ تبدیلی لانا (d) یہ سبھی

vi- ایک اچھے منصوبہ کی وجہ ہے:

(a) سائنسی طریقہ کار (b) جامع طریقہ کار (c) منظّم طریقہ کار (d) یہ سبھی

vii- UGC کا قیام کب عمل میں آیا؟

(a) نومبر 1956 میں (b) دسمبر 1956 میں (c) اکتوبر 1956 میں (d) مارچ 1956 میں

viii- ہندوستانی معیشت کے لبریلائزیشن (Liberalization) کے علم بردار کا نام بتائیں۔

(a) ارون جیٹلی (b) ڈاکٹر من موہن سنگھ (c) پی۔ چدمبرم (d) جسونت سنگھ

ix- DIET کے قیام کی سفارش کس کمیشن نے کی تھی؟

(a) ایجوکیشن کمیشن 66-1964 (b) یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن 1948

(c) قومی تعلیمی پالیسی 1986 (d) سیکنڈری ایجوکیشن کمیشن 53-1952

x- پرائمری ٹیچر کے لیے ایک سال میں کتنے کام کے دن لازمی ہے؟

(a) 180 دن (b) 210 دن (c) 200 دن (d) 209 دن

حصہ دوم

2- تعلیمی پالیسی کا تصور اور اہمیت بیان کریں۔

3- DIET اور SCERT کے تعلیمی پالیسی میں کردار کو واضح کریں۔

4- منصوبہ بندی کا تصور اور ان کے اصولوں کو مع مثال واضح کریں۔

5- پانچ سالہ منصوبوں کی اہم خصوصیات کو ابتدائی تعلیم کے حوالے سے بیان کریں۔

6- شمولیاتی تعلیم کے لیے تعلیمی منصوبہ بندی کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

7- تعلیمی معاشیات کا تصور اور اہمیت کو واضح کریں۔

8- ریاستی حکومت کی موجودہ گرانٹ ان ایڈ پالیسی کا خصوصی جائزہ لیجیے۔

9- غیر مرکوز منصوبہ بندی (Decentralized Planning) کے فوائد کو بیان کریں۔

حصہ سوم

10- تعلیمی پالیسی کی قومی سطح کی ایجنسیاں UGC اور NCERT کا تفصیلی جائزہ پیش کریں۔

11- تعلیمی پالیسی اور منصوبہ بندی کا آپسی ربط واضح کریں اور تعلیمی پالیسی کے مختلف اقسام کی وضاحت کریں۔

12- ابتدائی تعلیم کے تناظر میں آزادی سے پہلے اور بعد کے دور میں تعلیمی منصوبہ بندی کا خاکہ پیش کریں۔

13- انسانی وسائل کی ترقی میں تعلیم بطور سرمایہ کاری کی وضاحت کریں۔

14- مرکزی حکومت اور ریاستی حکومت کے ذریعہ تعلیم کی مالی اعانت (Financing) پر بحث کریں۔

☆☆☆